کووڈ 19 اور پیدائشی دل کے امراض

؟کووڈ 19 کیا ہے

کووڈ19ایک نئی بیماری ہےجس کی وجہ ایک کورونا وائرس ھے۔ یہ لوگوں پرکس طرح اثرانداز ھوگا،ھم یہ جاننےکےابتدائی مراحل میں ہیں-اس سلسلے میں تازہ ترین معلومات آپ کے مقا می طبی ماہرین فراہم کر سکتے ھیں.

؟کووڈ19کی علامات کیا ھیں

کووڈ-19کی عام علامات بخار،خشک کھانسی، تھکاوٹ اور جسم میں درد ھونا ھے- کچھ لوگوں کو ریشے والی کھانسی، سینے میں درد، یا سانس لینے میں دشواری ہوتی ھے-بہت کم لوگوں کواس حال میں (پیٹ خراب ہونا)،قے آنا یا غنودگی کی شکایت ہوتی ہےعلاوہ ازیں بہت سارے بالغ اوربچے یہ بیماری ہونے کے باوجودکسی قسم کی علامات ظاہرنہیں کرتے-لیکن ایسے لوگ بھی کووڈ19 دوسرے لوگوں کو منتقل کر سکتے ہیں

؟کووڈ19کتناخطرناک ھے

اکثر بچوں کوصرف معمولی علامات ہوتی ہیں-بہت سے بچے چند دن میں صحت یاب ہو جاتے ہیں-بہت ہی کم بچوں کیلئےکووڈ19جان لیوا ثابت ہوا ہے- لیکن اسکا مطلب یہ نہیں کہ بچے مکمل طور پراس سے محفوظ ہیں

کووڈ19اکثربڑوں کیلئے بھی ایک معمولی بیماری ھے-مگر تقریبا" ہرپانچ میں سے ایک مر یض کو ہسپتال جانا پڑتا ہے-تمام عمروں کے،اکثر بالغ افرادمکمل صحت یاب ہو جاتے ہیں-لیکن عمر اور دیگر بیماریوں کے ساتھ ہسپتال داخلے اورمریض کے جان لیوا ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے

.جیسے جیسے ھم اس مرض کے بارے میں زیادہ جانیں گے، اسکے ساتھ یہ معلومات تبدیل ہو سکتی ہیں

؟کیا دل کے پیدائشی مریض بچوں اور بڑوں کو کوئی خاص خطرہ ہے

ابھی ہم نہیں جانتے کے یہ وائرس دل کے پیدائشی مریض بچوں اوربڑوں پر کسطرح اثر انداز ہو گا- اکثر دل کے مراکز نے ابھی تک پیدائشی دل کے مر یض بچوں کو کوڈ 19 میں مبتلا نہیں پایا

دل کی دیگر بیماریوں میں مبتلا افراد کو زیادہ خطرہ ہے-کیونکہ دل کے مریض بہت سے افراد کا دل اور پھیپھڑے پہلے ہی کمزور ہوتے ہیں- یہ کمزوری وائرس کا شکار ہونے پر زیادہ خطرے کا باعث بن سکتی ہے-لیکن دل کے تمام مریض بھی شدید خطرے میں نہیں سمجھے جاتے

دل کے وہ پیدائشی امراض جس سے آپ کے بچے کو زیادہ خطرات لاحق ہو سکتے ہیں

- بہت پچیدہ نقائص
- سنگل وینٹریکل
- آکسیجن مقدار میں کمی یا نیلا پڑنا
- دل کی طاقت میں کمی یا دل کا فیل ہونا
- دل کے ردھم کے مسائل
- پھیپھڑے کے مسائل جیسے کے پھیپھڑے کا دباؤزیادہ ہونا
- پچھلے تین مہینے مینڈل کی سرجری
- دل کی پیوند کاری

اورکونسے دیگر صحت کے مسائل میرے یا میرے بچے کیلئےخطرات بڑھا دیتےہیں؟

موٹاپا،ذیابطیس،سگریٹ نوشی،دیگرپیدائشی نقائص،جگر یاگردےکےمسائل،یا کمزورقوتِ مدافیت آپ کو زیادہ خطرے میں ڈال سکتی ہے-ایسا دمہ جسکی میں باربار ادویات کی ضرورت ہو،آپکے لئے بڑھے ہوئے خطرے کا باعث بن سکتا ہے-اپنے بچے کو لا حق خطرات کے حوالے سے سوالات کے لئے اپنی طبی ماہرین کی ٹیم سے رابطہ کریں

کیا دل کے آلات [پیس میکر، ہارٹ والو، اسٹنٹ، ٹیوب] اس وائرس سےمتاثر ہوسکتےہیں؟

جی نہیں- کووڈ19 دل یا سینے میں موجودکسی آلے کو متا ثر نہیں کریگا

کیاکوڈ19 کےلیےکوئی دوا یاویکسین موجودہے؟

جی نہیں- ابھی تک کووڈ19 سے بچاؤ کیلئے کوئی ویکسین موجودنہیں ہے-بیشترادویات کواسکےمحفوظ علاج کیلئے ابھی ٹیسٹ کیا جارہاہے-

میرے بچے کے دل کے آپریشن کی تاریخ طے ہے-اس صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اس وقت اکثر ہسپتال صرف بیحد ضروری اور ایمرجنسی سرجری ہی کر رہے ہیں-کچھ دل کے آپریشن بغیر کسی خطرے کے ملتوی کیے جا سکتے ہیں-اس صورت میں یہ آپ اور آپکے بچے کیلیے زیادہ محفوظ عمل ہے کہ فی الوقت اس سرجری کو ملتوی کر دیا جائے-جس ہسپتال میں آپ کے بچے کی سرجری طے ہے،وہاں رابطہ کرکے معلومات حاصل کریں.

کیا مجھے اپنے بچے کے طہ شدہ روٹین چیک اپ کیلئے کلینک جانا چاہیے؟

عمومی طور پر آپ کو روٹین چیک اپ کیلیے جانے کی ضرورت نہیں ہے-عام چیک اپ کو ملتوی کرنا ضروری ہے-
لیکن خود کو یا بچے کو ایمرجنسی صورتحال کا سامنہ ہو تو پہلے اپنی ٹیم سے اور تسلی نہ ہونے کی صورت میں ڈاکٹر سے رابطہ کریں-

میں خود کو اور اپنے بچے کو کووڈ19 سے بچانے کے لئے کیا کر سکتا ہوں؟

1- جتنا ممکن ہو گھر پر رہیں۔
2- اپنے ہاتھ صابن سے بار بار دھویئں۔ گرم پانی کے ساتھ یا ابال کر ٹھنڈے کئے گئے پانی کے ساتھ۔
3-گھر سے باہر سینیٹائزر کا استعمال بار بار کریں۔
4-اپنے کہنی کے اندرونی حصے پہ کھانسیں یا چھینکیں۔
5-گھر سے باہر ماسک استعمال کریں۔
6-جن چیزوں کو لوگ چھوتے ہیں۔انکو جراثیم کش ادویات سے صاف کریں۔
7- ایک دوسرے سےکم از کم 6 فٹ[یا دو میٹر]کا فاصلہ رکھیں۔
8-خود کو اور اپنے بچے کو کسی بیمار خاندان سے دور رکھیں۔

اگر میں اوپر بیان کردہ دل کی بیماریوں میں سے کسی ایک میں مبتلا ہوں تو مجھے یا بچے کو کاپ مر یا اسکول جانا چاہئے؟

کوئی بھی شخص جسے زیادہ خطرے والی دل کی بیماری ہے۔ اسے حتی الامکان گھر پر رہنا چاہئے۔ اگر ممکن ہو تہ گھر سے کام یا پڑھائی کرنی چاہئے۔ چاہے آپ یا آپکا بچہ بلکل ٹھیک محسوس کر رہے ہوں-
اگر گھر پر رہنا بلکل ممکن نا ہو تو اپنے ڈاکٹر سے حفاظی تدابیر کے لئے ضرور رابطہ کریں-

اگر میرا یہ خیال ہو کہ میں یا میرا بچہ کووڈ ۱۹ سے متاثر ہو چکے ہیں،تو اس صورت میں کیا کرنا چاہیے ؟

اگر آپ ،آپکا بچہ یا گھر کا کوئی بھی فرد کووڈ ۱۹ کی علامات ظاہر کرتا ہےتو اسے فورا"علیحدگی اختیار کروا دیجیئے۔ فوری طور پرہسپتال یا کلینک جانے کی ضرورت نہیں۔ اپنے دل کے ڈاکٹر سے رابطہ کر کےمشورہ کیجیئے۔
اکثر اوقات بخار اور دیگر علامات چند دن میں بہتر ہو جاتی ہیں۔اگر علامات بہتر نہ ہوں یا مزید نگڑ جایئں تو بھی ڈاکٹر سے رابطہ کریں-

کیا کچھ دل کی ادویات ایسی بھی ہیں جن کو کووڈ ۱۹ کی وجہ سے استعمال نہیں کرنا چاہیے؟

اگر آپ کے ڈاکٹر آپ کو منع نہیں کرتے ، تو اپنی تمام روٹین کی ادویات کا استعمال جاری رکھیں۔ ان میں خون پتلا کرنے کی دوائیں،فشارِخون کی دوائیں، دل کے ردھم کی دوائیں اور دیگر وٹامنزشامل ہیں۔ادویات سے متعلق سوالات کے لئے اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

زکام کے علاج کے لئے کون سی ادویات استعمال کی جا سکتی ہیں؟

سادہ acetaminophen جیسے کے panadol,calpol,paracetamol اورtylanol درد اور بخار کے لئے استعمال کی جا سکتی ہیں۔ دیگر ادویات استعمال کرنے سے پہلےاپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

کیا کوئی ایسی ادویات بھی ہیں جوکووڈ ۱۹ کے مریضوں کو استعمال نہیں کرنی چاہیے؟

اگر آپکا خیال ہیے کہ آپ یا آپکا بچہ کووڈ ۱۹ سے متاثر ہیں تو کوئی دوا لینے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ جیسے کہ دمہ کی دوا بخیر یہ جانے کہ وہ محفوظ ہے، نہیں استعمال کرنی چاہیے۔اگر آپکو کسی دوا یا اسکی خوراک سے متعلق تشویش ہیے تو ڈاکٹر سے معلومات حاصل کریں۔

اگر میری یا بچے کی دل کی حالت بگڑے،تو اس صورت میں کیا کرنا چایئے؟

اگر آپ یا آپکا بچا نیلا پڑ جائے، سانس لینے میں دشواری ہو، دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جائےیا غنودگی ہوتو فورا"طبی مدد حاصل کریں۔
ایمے نزدیکی ہسپتال فورا"پہنچیں۔اگر ممکن ہو تو پہلے وہاں کال کر دیں تاکہ وہ علاج کی تیاری اور منصوبہ بندی کر سکیں۔
اس مواد کے زرائع اور مزید معلومات کے لئےglobal-arch-org پر تشریف لے جائیں۔ یہ معلومات 3 اپریل 2020 کو جاری کی گئ

"یہ فیکٹ شیٹ صرف آپ کی معلومات کے لئے ہیں۔ اپنی طبی حالت اور بیماری سے متعلق سوالات کے لئے براہ کرم اپنے طبی پیشہ ورڈاکٹر سے رجوع کریں۔ ہم اس دستاویز میں فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر کیے گئے کسی بھی
اقدام کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔"

Global ARCH
Global Alliance for Rheumatic and Congenital Hearts

Children's HeartLink®
HEALING HEARTS WORLDWIDE